© rasailojaraid.com



حافظ محمد ظہور الحق ظہو

# ماہِ صیام آیا

نوید رحمتِ حق لے کے پھر ماہِ صیام آیا
بہ ارشادِ پیمبر، سب مہینوں کا امام آیا

یہ رحمت، مغفرت، برکت، سعادت کا مہینہ ہے
مسلمانوں پہ لازم اس کا قدر و احترام آیا

ادھر کھولے گئے دربائے جنت اہلِ ایماں پر
ادھر حکمِ گرفتاری ہر اک شیطاں کے نام آیا

جہاں والوں کی قسمت جاگ اٹھی اس مہینے میں
فلک سے فرش والوں کے لئے حق کا نظام آیا

قدح خوارانِ عشقِ مصطفیٰ بس جھوم جھوم اٹھے
مئے توحید سے لبریز جب گردش میں جام آیا

گلستانِ مساجد میں بہارِ جانفزا آئی
خدا کی بندگی کو ہر مسلماں خوش خرام آیا

یہی موسم ہے بھر لو گوہرِ مقصود سے دامن
رہا جو خوابِ غفلت میں وہ بے نیلِ مرام آیا

یہی کشتِ عمل کی آبیاری کا مہینہ ہے
اسی میں ابرِ رحمت بن کے تھا خیر الکلام آیا

بہارِ گلشنِ امید بن کر ہر سحر آئی
وصالِ دوست کا پیغام لے کر وقتِ شام آیا

یہی ماہِ مبارک تھا کہ جبریل امیں لے کر
حرا میں احمدِ مرسل پہ اقراء کا پیام آیا

ظہور اس قادرِ مطلق کی رحمت جوش میں آئی
زباں پر رحمۃ للعالمیں کا جب بھی نام آیا

مدارس احرار کے معاونین توجہ فرمائیں

مدرسہ معمورہ ملتان کے نئے اکاؤنٹ نمبر

40962-3

میں معاون احباب آئندہ رقوم ارسال فرمائیں۔

عنوان یہ لکھیں

مدرسہ معمورہ ملتان یا سید محمد کفیل بخاری

حبیب بینک حسین آگاہی ملتان

سابقہ اکاؤنٹ نمبر: ~~29932~~

© rasailojaraid.com